Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
روزنامہ
DAILY IDEAL PAKISTAN
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ملتان اسلام آباد
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | جمعرات 19 دسمبر 2024ء 16 جمادی الثانی 1446ھ 03 پوہ 2081ب | قیمت 15 روپے | شمارہ 98

مرغی، دالوں کی قیمتیں مڈل مین کے کردار کے باعث کم نہیں ہو رہیں، وزیر خزانہ

مرغی، دالوں کی قیمتیں دنیا بھر میں کم ہوئیں ہم بھی مانیٹر کریں گے، رواں سال ترسیلات زر 35 ارب ڈالر سے زائد رہنے کی توقع، مہنگائی ساڑھے 6 سال کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے، سٹیٹ بینک نے مسلسل پانچویں بار پالیسی ریٹ میں کمی کی

معاشی میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے، ٹھوس اقدامات سے معیشت بہتر ہو رہی ہے، ای سی سی کے اجلاس میں تمام ایجنڈوں پر غور کریں گے، ہم قوم سے خوشخبریوں پر مبنی اعداد و شمار شیئر کریں گے، سینیٹر اورنگزیب کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ مرغی، دالوں کی قیمتیں مڈل مین کے کردار کے باعث کم نہیں ہو رہیں۔ شہر اقتدار میں وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ معاشی میدان میں اہم کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے، کرنٹ اکاؤنٹ دس سال بعد سرپلس ہونا اہم پیشرفت ہے، ترسیلات زر میں 35 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یقین ہے کہ ترسیلات زر 35 ارب ڈالر سے بڑھ جائیں گی، برآمدی شعبے میں بھی مثبت رجحان ہے، مہنگائی ساڑھے 6 سال کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے، سٹیٹ بینک نے مسلسل پانچویں بار پالیسی ریٹ میں کمی کی ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ پالیسی ریٹ کا 13 فیصد پر آنا معیشت کیلیے اہمیت کا حامل ہے، کاروباری برادری کیا (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف انسانی سمگلنگ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مارچ 2025 تک بجلی 12 روپے سستی کرنے کی تیاری

آئی پی پیز اور سرکاری بجلی گھروں سے مذاکرات اگلے سال مارچ تک مکمل کیے جانے کا امکان

کراچی (این این آئی) حکومت نجی آئی پی پیز، سرکاری بجلی گھروں اور شمسی و پن بجلی کے منصوبوں کے ساتھ مارچ 2025 تک مذاکرات مکمل کر کے بجلی کے ٹیرف کو 12 روپے تک کم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کے اگلے 6 ماہ تک بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے مذاکرات جاری ہیں، آئی پی پیز اور سرکاری بجلی گھروں سے مذاکرات اگلے سال مارچ تک مکمل کر لیے (بقیہ نمبر 2)

انسانی سمگلرز کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، وزیر اعظم

انسانی سمگلنگ پاکستان کے لئے دنیا بھر میں بدنامی کا باعث بنتی ہے اور اس کو روکنے کے لئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت، سست روی سے لئے گئے اقدامات کی بدولت اس قسم کے واقعات کا دوبارہ رونما ہونا ہمارے لئے لمحہ فکریہ ہے

شہباز شریف کی انسانی سمگلنگ اور معصوم لوگوں کو غیر قانونی طریقوں سے بیرون ملک پہنچانے کا جھانسہ دینے والوں کے خلاف کارروائی کے حوالے سے سست روی میں ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے انسانی سمگلنگ اور معصوم پاکستانیوں کو غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھجوانے میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت کرتے ہوئے گزشتہ ایک سال میں دنیا بھر میں ایسے تمام واقعات کی رپورٹ طلب کر لی (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف مصر کے دورہ پر روانہ ہو رہے ہیں

پاکستان کی پبلک سیکٹر کمپنیوں کو 102 ارب روپے کا منافع

گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں سرکاری اداروں کی آمدن 15 فیصد بڑھ کر 7 کھرب روپے رہی

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کی پبلک سیکٹر کمپنیوں نے گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں 102 ارب روپے کا منافع کمایا۔ سات کمپنیوں کا 249 ارب روپے منافع سورن ویلتھ فنڈ میں منتقل کر دیا گیا۔ گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں سرکاری (بقیہ نمبر 8)

سپیکر قومی اسمبلی کا لانس نائیک محمد محفوظ شہید کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لانس نائیک محمد محفوظ شہید کے 53 ویں یوم شہادت پر ان (بقیہ نمبر 7)

سکیورٹی واپس لینے پر کچھ ججز کے تبادلے کر دیئے، پشاور ہائیکورٹ

ٹانک اور ڈی آئی خان ہائی رسک ایریا، تمام ججز کے ساتھ سکیورٹی ہونی چاہیے، ہمارے پاس فنڈ کی کمی ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

فیملی کے ایشو ہمارے معاشرے کے سب سے سنجیدہ معاملات ہوتے ہیں، مل بیٹھ کر ان مسائل کا حل نکالیں، چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے امن و امان کی صورتحال سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی واپس لیے جانے پر ہم نے انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) کے کچھ ججز کے تبادلے (بقیہ نمبر 3)

یورپی ممالک میں پاکستانی چاول کے کاروبار کو دھچکا

چاول کی 104 کنسائنمنٹ میں کیڑے پائے گئے، 17 کنٹریکٹ ملازمین پر مقدمہ درج کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) یورپی ممالک میں پاکستانی چاول کے کاروبار کو دھچکا لگ گیا، چاول کی 104 کنسائنمنٹ میں کیڑے پائے گئے، ایف آئی اے نے ڈی پی پی کے 17 کنٹریکٹ ملازمین پر مقدمہ درج کر لیا جبکہ ڈی جی ڈی پی پی عہدے سے فارغ کر کے نام ای سی (بقیہ نمبر 4)

پولیو کے خاتمے کے لیے تمام شراکت داروں کی ہم آہنگی اور تعاون انتہائی اہم ہے، ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پولیو کے خاتمے (بقیہ نمبر 5)

ذوالفقار علی بھٹو کو شفاف ٹرائل سے محروم رکھا گیا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

بھٹو کیس جیسے واقعات کا تدارک نہ کیا جائے تو عدالتی نظام کی شفافیت اور عوامی اعتماد کو خطرات لاحق رہتے ہیں، ضابطہ فوجداری کے تحت قتل کا ٹرائل براہ راست ہائیکورٹ نہیں کر سکتی

جسٹس دراب پٹیل، جسٹس حلیم اور جسٹس صفدر اُس وقت کے ماحول کے باوجود اپنے موقف پر کھڑے رہے، جسٹس منصور کے نوٹ سے ایک حد تک اتفاق کرتا ہوں، اضافی نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ذوالفقار علی بھٹو کیس میں اضافی نوٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضابطہ فوجداری کے تحت قتل کا ٹرائل براہ راست ہائیکورٹ نہیں کر سکتی۔ چیف جسٹس نے لکھا ہے کہ سابق چیف جسٹس تسیم حسن شاہ نے بعد میں تسلیم کیا ان پر بیرونی دباؤ تھا، یہ ہماری قوم کی عدالتی تاریخ کا افسوسناک باب ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ جسٹس دراب پٹیل، جسٹس حلیم اور جسٹس صفدر کے جرات مندانہ اختلافی نوٹ سے کیس کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے، تینوں جج اُس وقت کے ماحول کے باوجود اپنے موقف پر کھڑے رہے۔ چیف جسٹس نے تحریر کیا کہ تینوں ججز کے اختلافی نوٹس سے صورتحال تبدیل نہیں ہوئی، عدلیہ کی ساکھ اور غیر جانبداری برقرار رہی اور قانون کی حکمرانی کیلئے پُرعزم خود مختار عدلیہ کی اہمیت اجاگر ہوئی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اضافی نوٹ میں (بقیہ نمبر 9)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف انتظامی افسران کی کارکردگی جانچنے کیلئے کے پی آئی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کا پھر 9 مئی، 26 نومبر کے پرتشدد واقعات پر جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

پی ٹی آئی ملک میں سیاسی استحکام اور ملکی ترقی کے لیے بات چیت کے لیے تیار ہے، ملکی ترقی کے لیے مذاکرات سے ہی مسائل کا حل نکلے گا

تحریک انصاف کے ایم این ایز اور ایم پی ایز پر دباؤ ڈالنا بند کیا جائے، بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور علی محمد خان سمیت دیگر سینئر رہنماؤں کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ملک میں سیاسی استحکام اور ترقی کے لیے مذاکرات کو ضروری قرار دیتے ہوئے 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے پر تشدد واقعات پر فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا جس میں پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور علی محمد خان سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی (بقیہ نمبر 3)

کسانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، مریم نواز

کسان دن رات زمین کے سینے سے اناج اگا کر ہماری غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں، ترقی اور آسانی کیلئے حکومتِ پنجاب زراعت کے شعبے کو بہتر کر رہی ہے

زرعی میکنزیشن کے ذریعے کسانوں کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، کسان کو بلا سود آسان اقساط پر گرین ٹریکٹرز فراہم کئے جا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کا پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کسانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، کسان دن رات زمین کے سینے سے اناج اگا کر ہماری غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں، کسان کی ترقی اور آسانی کیلئے حکومتِ پنجاب زراعت کے شعبے کو بہتر کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی خوشحالی کیلئے کسان کارڈ کا اجرا کیا ہے، کاشتکاروں کو پیداواری قرضے دیئے جا رہے ہیں، کاشتکار، کسان کارڈ سے اربوں روپے کے کھاد، بیج اور دیگر زرعی مداخل خرید چکا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ زرعی میکنزیشن کے ذریعے کسانوں کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، کسان کو بلا سود آسان اقساط پر گرین ٹریکٹرز فراہم کئے جا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کا پیغام زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی (بقیہ نمبر 13)

ریاض، وفاقی وزیر محسن نقوی ڈائریکٹر جنرل کنگ فہد سیکیورٹی کالج ملاقات کر رہے ہیں

فیصل آباد، دو مقدمات میں زرتاج گل پر فرد جرم عائد

مکوآنہ (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت فیصل آباد نے سول لائن (بقیہ نمبر 11)

پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی امریکی کانگریس کے ریپبلکن ارکان سے ملاقات

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے امریکی (بقیہ نمبر 12)

گیس قیمت میں مزید 25 فیصد اضافہ ناانصافی ہے، وزیر توانائی سندھ

گیس پہلے ہی 200 فیصد مہنگی ہو چکی، عوام میں مزید بوجھ اٹھانے کی سکت نہیں، ناصر شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر توانائی سندھ ناصر شاہ نے اوگرا کی جانب سے گیس کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کر دیا۔ صوبائی وزیر توانائی ناصر حسین شاہ نے گیس کی قیمتوں میں اضافے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اوگرا میں بیٹھے بابو پہلے ہی گیس کی قیمت میں 200 فیصد (بقیہ نمبر 10)

وزیر داخلہ نے ریاض کا سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ کا دورہ

سعودی عرب کے تعاون سے پاسپورٹ جعلسازی کرنے والوں کو پاکستان میں ہی پکڑا جا سکتا ہے، محسن نقوی

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے تعاون سے پاسپورٹ میں جعلسازی اور کاغذات میں ردوبدل کرنے والوں کو پاکستان میں ہی پکڑا جا سکتا ہے۔ (بقیہ نمبر 14)

حکومت اپوزیشن مذاکرات کیلئے میرا دفتر گھر ہر وقت حاضر ہے، ایاز صادق

تلخیاں ختم کرنے کے لیے مذاکرات ضروری ہیں، سپیکر قومی اسمبلی کی پیشکش سامنے آ گئی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے لیے قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق نے پیشکش کر دی۔ ایک بیان میں ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب ای سی سی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما ملک دشمن عناصر کے اشاروں پر چل رہے ہیں، شرجیل میمن

بانی پی ٹی آئی جب سے جیل میں ہیں ایک ہی بات کی جاتی ہے آگ لگا دو، سڑکیں بند کر دو، گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنما ملک دشمن عناصر کے اشاروں پر چل رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 21)

کمیٹی کے پاس پورا مینڈیٹ، حکومت کنفیوژن پھیلا رہی ہے، فیصل چوہدری

حکومت موجودہ سیاسی عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے اس لیے وہ ٹیم پیچ نیچے نہیں لانا چاہتی، ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی ہوئی ہے جس کے پاس پورا مینڈیٹ ہے۔ (بقیہ نمبر 22)

پنجاب بار کونسل نے شمشاد احمد باجوہ کو ممبر جوڈیشل کمیشن مقرر کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے شمشاد احمد باجوہ کو ممبر جوڈیشل کمیشن مقرر کر دیا۔ اس سلسلے میں پنجاب بار کونسل کا (بقیہ نمبر 25)

پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کی تاریخ تبدیل

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کی تاریخ میں تبدیلی کر دی گئی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن (بقیہ نمبر 23)

یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کیلئے ہائیکورٹ میں درخواست دائر

عدالت حکومت کو واقعے کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دے، استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ میں یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کے لیے درخواست دائر کر دی گئی جس میں کہا گیا کہ کشتیاں ڈوبنے سے پہلے بھی اسی طرح پاکستانی مر چکے ہیں۔ یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، ایچ ای سی کے چیئرمین سے افغانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی سول نافرمانی کی تحریک بھی ناکام ہوگی، قیصر احمد شیخ

لوگ اپنے عزیزوں کو رقوم نہیں بھیجیں گے تو ان کے گھر کیسے چلیں گے، وفاقی وزیر بحری امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی احتجاج کے موڈ سے باہر نہیں آ رہی، سول نافرمانی کی تحریک بھی ناکام ہوگی۔ وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا کہ لوگ اپنے عزیزوں کو رقوم نہیں بھیجیں گے تو ان کے گھر کیسے چلیں گے، تحریک (بقیہ نمبر 31)

عازمین حج دوسری قسط کے اخراجات آج سے بینکوں میں جمع کرا سکیں گے

لاہور (این این آئی) سرکاری سکیم کے تحت کامیاب عازمین حج دوسری قسط (بقیہ نمبر 32)

بجلی کی قیمتوں میں فی یونٹ 63 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) سی پی پی اے نے بجلی کی قیمتوں میں 63 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست نیپرا میں جمع کروا دی۔ نیپرا بجلی کی (بقیہ نمبر 30)

الیکشن ٹریبونل نے محفوظ فیصلہ سنا دیا، سردار یعقوب کی انتخابات میں جیت برقرار

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کے الیکشن ٹریبونل نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 252 پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے (بقیہ نمبر 29)

سیاچن میں شہید ہونیوالے سپاہی عبدالغفار کی فوجی اعزاز کے ساتھ آبائی گاؤں میں تدفین

بیل کنج (این این آئی) سیاچن گلیشیئر میں وطن عزیز کے دفاع کے دوران شہید ہونے والے پاک فوج کے سپاہی عبدالغفار کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں بیل کنج میں ادا کر دی (بقیہ نمبر 28)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف انتظامی افسران کی کارکردگی جانچنے کیلئے کے پی آئی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کا پھر 9 مئی، 26 نومبر کے پرتشدد واقعات پر جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

پی ٹی آئی ملک میں سیاسی استحکام اور ملکی ترقی کے لیے بات چیت کے لیے تیار ہے، ملکی ترقی کے لیے مذاکرات سے ہی مسائل کا حل نکلے گا

تحریک انصاف کے ایم این ایز اور ایم پی ایز پر دباؤ ڈالنا بند کیا جائے، بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور علی محمد خان سمیت دیگر سینئر رہنماؤں کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ملک میں سیاسی استحکام اور ترقی کے لیے مذاکرات کو ضروری قرار دیتے ہوئے 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے پر تشدد واقعات پر فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا جس میں پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور علی محمد خان سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی (بقیہ نمبر 33)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حقوق طلبہ کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

نیشنل فورنزک سائنس ایجنسی بل 2024 قومی اسمبلی سے بھی منظور

فورنزک سائنس تکنیک کا ہونا بہت ضروری ہے، فورنزک سائنس لیبارٹری کی سہولت اسلام آباد میں ہوگی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ

اچھا بل ہے مگر کچھ کمی پھر بھی رہ گئی، سرکاری افسر کو اختیار کے غلط استعمال پر اتنی کم سزا نہیں ہونی چاہیے، جرمانہ 10 لاکھ تو ہونا چاہیے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی نے بھی نیشنل فورنزک ایجنسی بل 2024 کی منظوری دے دی جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ فورنزک سائنس تکنیک کا ہونا بہت ضروری ہے، فورنزک سائنس لیبارٹری کی سہولت اسلام آباد میں ہوگی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس بدھ کو منعقد ہوا جس میں قومی فورنزک ایجنسی بل 2024ء سینیٹ سے منظوری کے بعد ایوان میں پیش کر دیا گیا۔ یہ بل وزیر داخلہ محسن نقوی نے پیش کیا۔ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 16)

چیئرمین سعودی شوریٰ کونسل کی ایاز صادق، پرویز اشرف، اسد قیصر سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کی شوریٰ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر عبدا (بقیہ نمبر 18)

کرم میں 70 ویں روز بھی حالات کشیدہ، معمولات زندگی درہم برہم

فائرنگ کے مختلف واقعات اور روڈ بندش نے عوام کا جینا اجیرن کر دیا، عوام مشکلات کا شکار

کرم (این این آئی) خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع کرم میں 70 ویں روز بھی حالات کشیدہ ہیں، جہاں معمولات زندگی درہم برہم ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ قبائلی ضلع (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، چیئرمین پی ٹی آئی گوہر علی خان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی سے خطاب کر رہے ہیں

جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس میں پیشرفت، مزید 5 ملزمان بیگناہ قرار

لاہور (این این آئی) جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس میں اہم پیشرفت، (بقیہ نمبر 19)

سوڈان کے مخدوش حالات سے متاثرہ خاندانوں کیلئے 90 ٹن امدادی سامان روانہ

لاہور (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے سوڈان کے مخدوش (بقیہ نمبر 20)

لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا یوم شہادت، مسلح افواج کا خراج عقیدت

شہید کی قربانی پاکستان کی مسلح افواج کے ناقابل تسخیر جذبے کی مظہر ہے، آئی ایس پی آر

پنڈ ملکاں/راولپنڈی (این این آئی) لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشانِ حیدر کا 53 واں یوم شہادت بدھ کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا، اس موقع پر پنڈ ملکاں میں ان کے مزار پر اعلیٰ (بقیہ نمبر 26)

مدارس بل، حکومت سیاسی، اخلاقی اور قانونی طور پر ہار چکی، حافظ حمد اللہ

تنظیمات مدارس اور جے یو آئی کو مدارس رجسٹریشن بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ تنظیمات مدارس اور جے یو آئی کو مدارس رجسٹریشن بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں۔ اس حوالے سے (بقیہ نمبر 27)

انٹرنیٹ بند کرنے کا کوئی شوق نہیں، سوشل میڈیا زیادہ تر بچوں کیلئے زہر ہے، زفا فاطمہ

ایکس کی بندش فریڈم آف سپیچ کے حوالہ سے نہیں، وزیر اعظم کی ہدایت پر سمارٹ فونز فار آل کی پالیسی آج متعارف کرائی جا رہی ہے

ملک میں انٹرنیٹ کی سپیڈ میں 28 فیصد اور موبائل انٹرنیٹ میں 24 فیصد بہتری آئی ہے، وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شذہ فاطمہ خواجہ نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ ملک میں انٹرنیٹ کی سپیڈ میں 28 فیصد اور موبائل انٹرنیٹ میں 24 فیصد بہتری آئی ہے، ایکس کی بندش فریڈم آف سپیچ کے حوالہ سے نہیں، وزیر اعظم کی ہدایت پر سمارٹ فونز فار آل کی پالیسی متعارف کرائی جا رہی ہے، آئی ٹی کے مکمل استعداد سے فائدہ اٹھانا ہمارا بنیادی مقصد ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران ملک (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے چیئرمین سعودی شوریٰ کونسل ملاقات کر رہے ہیں

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
0333-9233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایڈیٹر: ساجد جتوئی
ایڈیٹر: عارف محمود قریشی

عقیل انجم اعوان

موسمیاتی تبدیلیاں

شاید وقت ہمارے ہاتھ سے نکل چکا ہے

ہم بدلتے موسم کے رتھ پر سوار تیزی سے میدانِ حشر کی جانب رواں ہیں

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث کرۂ ارض جل رہا ہے اور اس آگ میں لاکھوں افراد بھسم ہو رہے ہیں۔ 80 فی صد زہریلی گیسوں کے اخراج کے ذمے دار G-20 کے ممالک، ہیں جب کہ ان کے بدترین اثرات پاکستان اور دوسرے ترقی پزیر ممالک بھگت رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کا بحران اخلاقی اور معاشی عدم مساوات کے مطالعے کے لیے ایک مثال ہے۔ موجودہ دنیا کو کئی مسائل کا سامنا ہے جن میں غذائی تحفظ، موسمیاتی تبدیلی اور زرعی اجناس اور مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتیں شامل ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیات کی تباہ کاری آج کا انکشاف نہیں ہے۔ ماحولیاتی تباہی کا سبب صنعتی ترقی ہے، جس کی وجہ ایندھن کا استعمال ہے۔ دو عشرے قبل ہی ماہرین خبردار کر چکے ہیں کہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے پوری دنیا کو سیلاب اور خشک سالی کا بیک وقت سامنا کرنا پڑے گا۔ کہیں بارشیں زیادہ ہوں گی۔ گلیشیر پگھلنے کی وجہ سے دریاؤں میں سیلاب آئے گا اور کچھ خطے خشک سالی کا شکار ہوں گے۔ پاکستان میں بارش اور سیلاب ہے۔ جب کہ افریقہ اور لاطینی امریکا کے بعض خطے خشک سالی کا شکار ہیں۔ کم از کم دو عشرے قبل ماحولیاتی ماہرین نے خبردار کر دیا تھا کہ ہم موسم کے رتھ پر سوار تیزی سے میدانِ حشر کی جانب رواں ہیں تو ہم نے سائنسدانوں اور مفکرین کی تنبیہات کو سنجیدہ نہیں لیا۔ جب پانچ برس پہلے پہلی خبر آئی کہ انٹارکٹیکا میں درجہ حرارت بیس درجہ سینٹی گریڈ کی سطح پر آنے کے سبب لاکھوں برس پرانی برف سے ڈھکی چٹانیں ختم ہو رہی ہیں۔

جب گزشتہ برس کینیڈا اور امریکا کے مغربی ساحل پر وینکوور اور سیاٹل کے اضلاع میں درجہ حرارت نے پہلی بار پینتالیس ڈگری سینٹی گریڈ کا ریکارڈ قائم کیا تو ہم نے فرض کر لیا کہ یہ تو محض حسنِ اتفاق ہے۔ جب پچھلے سال برِاعظم میں عالمی ماحولیاتی سربراہ کانفرنس کے موقع پر اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ شاید ہمارے ہاتھ سے وقت نکل چکا ہے، درجہ حرارت میں تیز رفتار تبدیلی بتا رہی ہے کہ اب سے آٹھ برس بعد دنیا کے کئی خطوں میں زندگی ناقابلِ برداشت ہو جائے گی۔ ہم نے سوچا کہ یہ محض قیاس آرائی ہے۔ ایسے تھوڑی ہوتا ہے، مگر آج کا موسم بتا رہا ہے کہ کوئی سائنسداں یا خطرے کا بگل بجانے والا مدبر نہیں بلکہ ہم بجائے خود خوش فہم اور عاقبت نااندیش ہیں اور آج مس مینجمنٹ کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔

اگر غور کریں تو دنیا کا مستقبل 2 ابھرتی ہوئی معیشتوں کے ہاتھ میں ہے۔ بھارت 2060ء جبکہ چین 2070ء تک اپنے موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ لیکن بدقسمتی سے شاید ان کی رفتار نہایت کم ہے۔

اقوامِ متحدہ کی ایک رپورٹ جس 'امید' کی کرن کہا گیا ہے، جس میں صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ لیکن جنوبی ایشیائی ممالک کے لیے یہ صورتحال پُرامید نہیں ہیں۔ اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ جن 2 ممالک سے ماہرین تبدیلی کا عمل تیز کرنے اور کاربن کی کھپت کو ثمایاں حد تک کم کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں وہ ممالک بھارت اور چین ہیں۔ جنوبی ایشیا کے ممالک بخوبی واقف ہیں کہ یہ دونوں ممالک طویل عرصے سے معاشی میدان میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کاربن کے اخراج کو کم کرنے میں وہ دلچسپی نہیں دکھائی جو گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تباہی کو روکنے کے لیے درکار ہے۔

ان کی سوچ یہ ہے کہ چونکہ مغرب، صنعتی ترقی اور معاشی خوشحالی کے حصول کی دوڑ میں شامل ہے اس لیے انہیں بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ کاربن کی کھپت کے باعث دنیا کے تیزی سے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی فکر کیے بغیر اس دوڑ کا حصہ بنیں۔ پاکستان چونکہ بھارت کے شہر نئی دہلی کے قریب واقع ہے اس وجہ سے ہم نے دیکھا کہ وہاں پیدا ہونے والی اسموگ اور آلودگی پاکستان کے سرحدی علاقوں کی رہائشیوں کو روزانہ کی بنیاد پر متاثر کرتی ہے۔ اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ پاکستان خود آلودگی پیدا نہیں کرتا لیکن گزشتہ برس پاکستان میں آنے والے سیلاب کے بعد جمع کیے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق مجموعی طور پر پاکستان پر یہ آفت دوسرے ممالک کے غلط اقدامات کی وجہ سے مسلط ہوئی۔ اس میں پاکستان کے ہمسایوں سمیت دنیا کے وہ ممالک شامل ہیں جو کاربن کے اخراج کو کم کرنے میں سنجیدہ نہیں ہیں۔

پاکستان کاربن کا کم اخراج کرنے والا ملک ہے لیکن اس کے باوجود یہ دیگر ممالک کی پیدا کردہ آلودگی کے نقصانات کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔ پاکستان کو چاہیے کہ چین اور بھارت جیسے آلودگی پیدا کرنے والے ممالک کو درست اقدامات کرنے کی تلقین میں اپنا کردار ادا کرے۔ وہ دنیا جہاں آبادی کا بڑا حصہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو جائے، ایسی دنیا میں تیزی سے ترقی کرتی ان اقتصادی قوتوں کو کیا فائدہ حاصل ہوگا؟

اگرچہ اقوامِ متحدہ نے مطلع کیا ہے کہ اس رپورٹ سے گھبرانا نہیں ہے، لیکن اس وقت گھبرانے کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ سب کے سامنے ہے کہ دنیا میں انتہائی حد تک آلودگی پیدا کرنے والے ممالک کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے بہت قلیل عدد اقدامات لے رہے ہیں، ایسے موقع پر اقوامِ متحدہ کو تحقیقاتی رپورٹس منظرِ عام پر لانے کے بجائے ایسے سخت اقدامات لینے چاہئیں جن کے تحت ممالک آلودگی کو کم کرنے کے ہر صورت پابند ہوں۔ آخر کار ان ممالک کی وجہ سے پوری دنیا کا مستقبل اس وقت داؤ پر لگا ہے۔ ماحولیاتی آلودگی میں بری، بحری اور فضائی آلودگی بھی شامل ہیں اور ان آلودگیوں کے سبب انسان تو انسان، حیوان، چرند پرند حتیٰ کہ نباتات تک بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، کیوں کہ انھیں ایسی کھلی فضا، صاف ہوا اور تر و تازہ ماحول ہی میسر نہیں جس میں وہ صحت بخش سانسیں لے سکیں۔ آج جس فضا میں ہم سانس لے رہے ہیں۔ اسے مختلف کیمیائی مرکبات نے نہایت آلودہ بنا دیا ہے، جس سے کرۂ ارض پر زندگی اور زمینی ماحولیات کو مسلسل نقصان پہنچ رہا ہے۔

علاقوں میں گرمی بڑھ جانے کے باعث رہائشیوں اور مویشیوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہوں گے۔

پاکستان کاربن کا کم اخراج کرنے والا ملک ہے لیکن اس کے باوجود یہ دیگر ممالک کی پیدا کردہ آلودگی کے نقصانات کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔ پاکستان کو چاہیے کہ چین اور بھارت جیسے آلودگی پیدا کرنے والے ممالک کو درست اقدامات کرنے کی تلقین میں اپنا کردار ادا کرے۔ وہ دنیا جہاں آبادی کا بڑا حصہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو جائے، ایسی دنیا میں تیزی سے ترقی کرتی ان اقتصادی قوتوں کو کیا فائدہ حاصل ہوگا؟

اگرچہ اقوامِ متحدہ نے مطلع کیا ہے کہ اس رپورٹ سے گھبرانا نہیں ہے، لیکن اس وقت گھبرانے کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ سب کے سامنے ہے کہ دنیا میں انتہائی حد تک آلودگی پیدا کرنے والے ممالک کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے بہت قلیل عدد اقدامات لے رہے ہیں، ایسے موقع پر اقوامِ متحدہ کو تحقیقاتی رپورٹس منظرِ عام پر لانے کے بجائے ایسے سخت اقدامات لینے چاہئیں جن کے تحت ممالک آلودگی کو کم کرنے کے ہر صورت پابند ہوں۔ آخر کار ان ممالک کی وجہ سے پوری دنیا کا مستقبل اس وقت داؤ پر لگا ہے۔ ماحولیاتی آلودگی میں بری، بحری اور فضائی آلودگی بھی شامل ہیں اور ان آلودگیوں کے سبب انسان تو انسان، حیوان، چرند پرند حتیٰ کہ نباتات تک بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، کیوں کہ انھیں ایسی کھلی فضا، صاف ہوا اور تر و تازہ ماحول ہی میسر نہیں جس میں وہ صحت بخش سانسیں لے سکیں۔ آج جس فضا میں ہم سانس لے رہے ہیں۔ اسے مختلف کیمیائی مرکبات نے نہایت آلودہ بنا دیا ہے، جس سے کرۂ ارض پر زندگی اور زمینی ماحولیات کو مسلسل نقصان پہنچ رہا ہے۔

صنعت وتجارت
شوبز واسپورٹس

پاکستان بزنس فورم بہتر کاروبار کیلئے مکمل حکومتی تعاون کو موثر تجاویز دیگا

خدا بخش

ملک

فورم خوشحال کاروباری ماحول کے فروغ اور معیشت کو مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہو رہا ہے، پی بی ایف کراچی چیپٹر کے صدر کا اجلاس سے خطاب

کراچی چیپٹر کیلئے مخصوص ویب سائٹ، سوشل میڈیا پلیٹ فارم رونمائی گزیر ہیں، روبینہ رشید: اجلاس میں محمود یعقوب، ارشد فاروق، بینا امین، اعجاز عالم کی شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس فورم (پی بی ایف) کراچی چیپٹر کے صدر ملک خدا بخش نے کہا ہے کہ فورم کراچی کی کاروباری برادری کی بھرپور حمایت اور ترقی کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے گا، ہمارا مقصد بہتر کاروبار کے لئے حکومت کو موثر تجاویز دینا ہے۔ ملک خدا بخش نے فورم کے اہم کردار کو اجاگر کیا جو ایک خوشحال کاروباری ماحول کے فروغ اور معیشت کو مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار مقامی ہوٹل میں پاکستان بزنس فورم (پی بی ایف) کراچی چیپٹر کے تیسرے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فورم کے نائب صدور محمود یعقوب، ارشد فاروق، بسنز بینا امین، اعجاز عالم اور سنز روبینہ رشید بھی شریک تھے۔ پی بی ایف کراچی چیپٹر کے ایگزیکٹو ممبران نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ کور کمیٹی کے تمام اراکین کراچی چیپٹر کی ایگزیکٹو پوزیشنز کے لیے نامزدگیاں یا تجویز کردہ نام پیش کریں۔ اراکین کے لیے ایک ہفتے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی تاکہ وہ اپنی نامزدگیاں جمع کرا سکیں۔ اجلاس میں نئے ہونے والے ایونٹس کی منصوبہ بندی فورم نے ایک ایونٹ کے انعقاد پر گفتگو کی، جس کا مقصد ینگ اور فعال سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی ترقی کی ضرورت پر زور دیا جبکہ مقصد چیپٹر کی شناخت کو اجاگر کرنا اور اس کے اقدامات کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا، اراکین اور کراچی کی کاروباری برادری کے ساتھ موثر رابطہ اور شمولیت کو فروغ دینا شامل تھا۔ تمام تر تجاویز کی روشنی میں صدر فورم حتمی فیصلہ کیا کہ ویب سائٹ اور سوشل میڈیا کی ترقی کے ابتدائی اقدامات فوری طور پر شروع کیے جائیں گے۔ جبکہ یہ بھی طے پایا کہ آئندہ میٹنگ میں تمام تجاویز پر بروقت پیش رفت اور موثر منصوبہ بندی کو یقینی بنانے پر عملدرآمد کیا جائے گا۔

پاکستان بزنس فورم کے صدر ملک خدا بخش کی صدارت میں اجلاس ہو رہا ہے
محمود یعقوب، ارشد فاروق، بینا امین، اعجاز عالم اور روبینہ رشید شریک ہیں

پبلک سیکٹر کمپنیوں کو 102 ارب کا منافع، آمدن 7 کھرب روپے رہی

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کی پبلک سیکٹر کمپنیوں نے گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں 102 ارب روپے کا منافع کمایا، سات کمپنیوں کا 249 ارب روپے منافع سودرن ویلتھ فنڈ میں منتقل کر دیا گیا۔ گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں سرکاری اداروں کی آمدن 15 فیصد بڑھ کر 7 کھرب روپے رہی۔ اوجی ڈی سی ایل کا سب سے زیادہ 123.3 ارب روپے منافع ریکارڈ ہوا جبکہ پاکستان پیٹرولیم کا منافع 68.8 ارب اور پاور سیکٹر کا منافع 50.7 ارب روپے رہا۔ نیشنل پاور پارکس کا 36.3 ارب روپے جبکہ پاک عرب ریفائنری کا 35 ارب تک منافع رہا۔ ان کے علاوہ لاہور الیکٹرک، نیشنل پیکج، واپڈا اور پورٹ قاسم میں بھی نمایاں منافع ریکارڈ ہوا۔ ایس آئی ایف سی کی مسلسل جدوجہد سے معیشت کے استحکام، ترقی اور روشن مستقبل کے امکانات ہیں۔

مائیٹری پالیسی میں چھوٹے کاروباروں پر توجہ نہیں دی گئی، فرازالرحمان

مسائل حل کئے بغیر چھوٹے کاروبار اسٹارٹ اپس مکمل صلاحیتوں کو حاصل نہیں کر پائیں گے

صارفین کی مالی معاونت کیش فلو کو بہتر بنانے، طلب کو بڑھانے کیلئے اہم قدم ثابت ہو سکتی ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس گروپ (پی بی جی) کے پیٹرون ان چیف فرازالرحمان نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی نئی مائیٹری پالیسی کا خیر مقدم کیا ہے اور اس کے ذریعے معیشت کو درپیش مشکلات کے باوجود استحکام حاصل کرنے کی امید ظاہر کی ہے۔ تاہم انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ پالیسی میں کچھ اہم شعبے جیسے اسٹارٹ اپس اور چھوٹے کاروباروں پر توجہ نہیں دی گئی، جو ملک کی طویل مدتی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ فرازالرحمان نے کہا کہ نئی مائیٹری پالیسی عمومی صنعتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ایک قدم ہے لیکن چھوٹے کاروبار اور اسٹارٹ اپس معیشت کی ترقی کے لئے بہت ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ شعبے کئی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جن میں سستی مالی امداد تک رسائی، وسیع پیمانہ ضوابط اور کاروبار شروع کرنے کے لیے مناسب معاونت کا فقدان شامل ہے۔ ان مسائل کو حل کئے بغیر یہ چھوٹے کاروبار اور اسٹارٹ اپس اپنی مکمل صلاحیتوں کو حاصل نہیں کر پائیں گے، جس سے پاکستان کی معیشت کو درپیش چیلنجز مزید بڑھ جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صارفین کی مالی معاونت مارکیٹ میں کیش فلو کو بہتر بنانے اور طلب کو بڑھانے کے لئے ایک اہم قدم ثابت ہو سکتی ہے۔ صارفین کے قرضوں تک آسان رسائی سے نہ صرف مکمل کھپت میں اضافہ ہوگا، بلکہ اس سے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں (ایس ایم ایز) کو بھی اہم لیکویڈیٹی ملے گی، جو ان کی ترقی اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں مدد دے گی۔

آئی ٹی برآمدات میں مسلسل 13 ماہ اضافے کے بعد پہلی بار کمی

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں مسلسل تیرہ ماہ اضافے کے بعد پہلی بار کمی دیکھی گئی ہے۔ نومبر 2024 میں آئی ٹی کی برآمدات اکتوبر 2024 کے مقابلے میں 160 ملین ڈالر کم رہیں۔ اکتوبر میں پاکستان کمپیوٹر آئی ٹی کی سیکٹر میں برآمدات سے تیس کروڑ چالیس لاکھ ڈالرز کمائے۔ آئی ٹی برآمدات میں مجموعی بنیاد پر دو فیصد کمی اور سالانہ بنیاد پر تیس فیصد اضافہ ہوا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق رواں مالی سال کے پانچ ماہ میں آئی ٹی برآمدات ایک ارب ترپن کروڑ ڈالرز رہیں۔ گزشتہ مالی سال کے پانچ ماہ میں آئی ٹی برآمدات ایک ارب پندرہ کروڑ ڈالر رہی تھیں۔ ماہرین کے مطابق آئی ٹی کے شعبے کو رعایت دینے والے ممالک سے زیادہ آرڈرز ملنے سے برآمدات بڑھیں۔

افتخار ملک کی سارک ریجن کیلئے خدمات بے مثال ہیں، جاشم الدین

تجارت کو وسعت ملنا ضروری، سارک بزنس کمیونٹی پاکستان سے تجارتی روابط بڑھائے، افتخار ملک

سارک چیمبر کے صدر کی قیادت میں وفد کی سابق صدر سے ملاقات، انجم نثار بھی موجود تھے

کراچی (بزنس رپورٹر) سارک چیمبر آف کامرس کے صدر محمد جاشم الدین کی قیادت میں ایک وفد نے سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اری ایف پی سی آئی کے سابق صدر افتخار علی ملک سے ملاقات کی۔ وفد میں ایس سی آئی کے نائب صدور چندی راج ڈھاکل (نیپال)، شفقات حیدر (بنگلہ دیش)، انجم نثار (پاکستان)، چیئرپرسن ایس سی ڈبلیو سی حنا منصب خان، شخصی یا کیمن، تانیہ وہاب، ایگزیکٹو کمیٹی کی اراکین، ایس سی ڈبلیو ای سی، ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن، ایس سی سی آئی امیش لال شریسٹھا، سیکرٹری جنرل ڈوا افتخار بٹ، ایس سی سی آئی، بدر منیر، ڈائریکٹر، ایس سی سی آئی، روبینہ اور طاہرہ، ایگزیکٹو کمیٹی کی رکن، ایس سی ڈبلیو ای سی اور پائیدار کمیونٹیز کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس موقع پر حبا آر خان نے پاکستان بزنس گروپ کے پیٹرون ان چیف اور بانی فرازالرحمان اور پاکستان بزنس گروپ کا شکریہ ادا کیا جن کی حمایت سے ان کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا، ارین ویزن فورم میں نوجوان رہنماؤں نے شہری ترقی، پائیدار شہروں اور تخلیقی تبدیلے پر مبنی حل پیش کیے۔ حبا آر خان کی یہ کامیابی نہ صرف ان کے لیے بلکہ پاکستان کی بین الاقوامی سطح پر موثر نمائندگی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی ہے۔

چیئرپرسن ییوتھ ونگ PBG حبا آر خان نے انٹرنیشنل ایوارڈ اپنے نام کر لیا

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس گروپ کی یوتھ ونگ کی چیئرپرسن حبا آر خان نے ارین ویزن انٹرنیشنل یوتھ فورم میں شاندار کامیابی حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ یہ فورم جمہوریہ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو (NAYORA) کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ حبا آر خان نے اس بین الاقوامی پلیٹ فارم پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ایک جدت انگیز منصوبہ پیش کیا جس نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ یہ منصوبہ اب متعلقہ وزارت کو ملدرآمد کے لیے پیش کیا جائے گا، جو کہ شہری ترقی

فیشن ڈیزائنر محمود بھٹی کیس کی سماعت آج لاہور میں ہوگی

ملتان روڈ پر انکی فلاحی کاموں کیلئے خریدی گئی جگہ پر ناجائز قبضہ ہے

